اور عمر جیسوں کو روانہ کرتے ہیں یہ مساوات کا آخری سبق تھا ابھی لشکر نے باہر جاکر پڑاؤ ڈالا تھا کہ حضور کی علالت میں اضافہ ہوجاتا ہے اسلئے لشکر واپس آجاتا ہے جب دن بدن آپکا مرض ترقی کرتا گیا تو آپ نے اپنی بیویوں کو جمع کیا اور حضرت عائشہؓ کے پاس رہنے کی خواہش ظاہر فرمائی سب نے باخوشی اجازت دیدی آخر آپکے مرض میں بہت شدت ہوگئی بار بار غشی آتی تھی اور پھر ہوش ہوجاتا تھا اس حالت کو دیکھکر حضرت فاطمہؓ فرماتی ہیں واکرب اباہ ہائے میرے ابا کی تکلیف۔ آپ فرماتے ہیں اے پیاری فاطمہؓ آج کے بعد تمہارے ابا کو کسی قسم کی تکلیف نہ ہوگی۔ حضرت عائشہؓ اپنی ران پر حضورؐ کو لٹائے ہوئے تھیں اتنے میں عبدالرحمٰن بن ابوبکر آتے ہیں ان کے ہاتھ میں مسواک تھی آپ مسواک کی خواہش کرتے ہیں حضرت عائشہؓ نے مسواک کچل کر آپ کے ہاتھ میں دیا آپنے آہستگی سے ضعف کی بنا پر مسواک کی۔ آپ کی موت کا وقت بالکل قریب آچکا تھا آثار نمودار تھے آخر یہ کہتے ہوئے اللھم الرفیق الاعلی اس دنیا سے کوچ کر کے عالم قدس میں پہنچ گئے۔ اللھم صلی علی محمد وعلی آل محمد وبارک وسلم۔

وفات حسرت آیات ملک التجار شیخ عطاء الرحمن صاحب مرحوم ومغفور

(از قلم منشی محمد صدیق حسن صاحب صدیق دہلوی۔)

کردیا دل کو غضب تیر الم نے چھلنی ‖ کرگئی چاک جگر کو غم تیغ براں
فضل رحمٰن کا کلیجہ ہوا غم سے ٹکڑے ‖ دل شکستہ ہیں جدا آج حبیب الرحمٰن
مضطرب باپ کے مرنے سے ہوئے عبد وہاب ‖ اور بہین۔ شفیع۔ نور۔ خلیل الرحمٰن
ہائے کیا داغ جدائی سے شکستہ خاطر ‖ چھوڑ کر اپنے عزیزوں کو جہاں میں گریاں
نیک کاموں کی جزا تم کو ملی یہ حق سے ‖ رونق خلد ہو تم شیخ عطاء الرحماں
ظل رحمت میں چھپایا ہے خدا نے تم کو ‖ ہوگیا بخشش عصیاں کا تمہاری ساماں
کردیا ہائے تمہیں پاس وفا نے مجبور ‖ تم نے جاں دیکے کیا موت کا پورا پیماں
ذوق تھا درس احادیث کا ہردم تم کو ‖ کام تھا خدمت اسلام سے تمکو ہر آں
خون تھا دیں کی حمایت کا رگوں میں جاری ‖ اور غم تھا غم ملت کا جگر میں پنہاں
پیرو دین نبیؐ عامل سنت تم تھے ‖ پیکر علم و عمل صاحب عزت انساں
روشنی نور حقیقت کی تھی دل میں ایسی ‖ بزم عالم میں رہے مست شراب عرفاں
کی تھی خاموش طریقے سے اشاعت دیں کی ‖ دہر میں نام ونمائش کے نہ تم تھے خواہاں
لکھدے صدیق حزیں سال وفات ہجری ‖ بعد مرنے کے ہوا تم پہ یہ حق کا احساں

جانب خلد بریں باغ جہاں سے تم کو
لے گئی آج اجل شیخ عطاء الرحمٰن

۱، ۱، ۲، ۳ مرحوم کے صاحبزادے

۲، ۴، ۵، ۶ مرحوم کے پوتے